ٹاؤن میونسپل کارپوریشن۔نیو کراچی

شعبہ اطلاعات وتعلقات عامہ

Email:aqeelakhtartmc@gmail.com

پریس ریلیز

چیئرمین نیو کراچی ٹاؤن محمد یوسف کی 7000 روڈ کے متاثرین ڈکاندار کے حوالے سے میئر کراچی مرتضٰی وھاب سے ملاقات۔

ملاقات میں ایم کیوایم پاکستان کے رہنما عبدالوسیم خان، ڈپٹی کمشنر سینٹرل طحہ سلیم بھی موجود تھے۔

چیئرمین محمد یوسف نے 7000 روڈ متاثرین کے لئے متبادل جگہ لینے کا وعدہ لے لیا۔

7000 روڈ نالے پر قائم تجاوزات کا خاتمہ کر کے نالے اور سڑک کی تعمیر کو ممکن بنایا جائے۔چیئرمین نیو کراچی ٹاؤن محمد یوسف

متاثرین 7000 روڈ کو KMC مارکٹوں میں متبادل جگہ فراہم کر کے حلال روزگار کا موقع دیا جائے۔چیئرمین نیو کراچی ٹاؤن محمد یوسف

مورخہ: 04/نومبر 2024ء

کراچی( )چیئرمین نیو کراچی ٹاؤن محمد یوسف کی 7000 روڈ کے متاثرین ڈکاندار کے حوالے سے میئر کراچی مرتضٰی وھاب سے ملاقات۔ملاقات میں ایم کیوایم پاکستان کے رہنما عبدالوسیم خان، ڈپٹی کمشنر سینٹرل طحہ سلیم بھی موجود تھے۔چیئرمین محمد یوسف نے 7000 روڈ متاثرین کے لئے متبادل جگہ لینے کا وعدہ لے لیا۔تفصیلات کے مطابق نیو کراچی ٹاؤن 7000 روڈ نالے پر قائم تجاوزات کے خاتمے کے لئے سپریم کورٹ کے آڈر کے مطابق آپریشن شروع کیا جائے گا جس سے نالے پر قائم تقریباً گیارہ سوڈکانیں مسمار کی جائیں گی اور ہزاروں افراد کا روزگار متاثر ہوگا،ان متاثرین ڈکانداروں کو متبادل جگہ فراہم کرنے کے لئے چیئرمین نیو کراچی ٹاؤن محمد یوسف نے رہنما ایم کیوایم پاکستان عبدالوسیم خان، ڈپٹی کمشنر سینٹرل طحہ سلیم کے ہمراہ میئر کراچی مرتضٰی وھاب سے ملاقات کی۔اس موقع پر چیئرمین محمد یوسف نے میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ میئر کراچی مرتضٰی وھاب نے متاثرین ڈکان داروں کے متبادل جگہ فراہم کرنے کا جو وعدہ کیا ہے انشاءاللہ ہم سب بھی ان کے ساتھ ملکر اس وعدے کو پورا کریں گے۔اس حوالے سے گزشتہ دنوں ٹاؤن میونسپل کارپوریشن نیو کراچی میں کونسل کے عام نویں اجلاس میں متفقہ قرارداد پیش کی گئی تھی جس میں سات ہزار روڈ پر نالوں پر قائم ڈکانوں کے متاثرین کو KMC کی مارکٹوں میں متبادل جگہ فراہم کی جائے مزکورہ قرارداد کثرت رائے سے منظور کرلی گئی تھی۔چیئرمین محمد یوسف نے کہا کہ نیو کراچی میں موجود KMC کی مارکٹیں جو تباہ حالی کا شکار ہیں اور منشیات کے عادی افراد کی آماجگاہ بنی ہوئی ہیں،ان مارکٹوں کو تعمیر نو کر کے متاثرین 7000 کو متبادل جگہ فراہم کی جائے اور اس کام کو بغیر کسی رکاوٹ کے آگے بڑھانے کی ضرورت ہے۔انہوں نے کہا کہ جب کسی بھی فورم پر 7000 روڈ کی تعمیر کی بات آتی ہے تو اس سڑک کی تعمیر میں رکاوٹ یہی نالا آتا ہے لہذا نالے پر قائم تجاوزات کو ختم کرنا وقت کی اہم ضرورت ہے کیونکہ تجاوزات کی وجہ سے نالے کی صفائی نہیں ہوتی ہے،جس کی وجہ سے سیوریج کا گندہ پانی 7000 روڈ پر آجاتا ہے اور روڈ جگہ جگہ سے ٹوٹ پھوٹ کا شکار ہے اور مسافروں کو سفر کرنے میں مشکلات پیش آتی ہیں،انہوں نے کہا کہ یہ روڈ وہی ہے،جس پر پورے پاکستان میں مشہور ہونے والی پبلک ٹرانسپورٹ W-11 چلتی تھی مگر افسوس کہ اس سڑک کی خستہ حالی کے سبب وہ بھی اب ناپید ہوچکی ہے۔ 7000 روڈ نارتھ کراچی انڈسٹریل ایریا سے متصل ہے اور لاکھوں افراد اس سڑک سے گزرتے ہیں انشاءاللہ 7000 روڈ پر قائم تجاوزات کا خاتمہ کر کے نالے اور سڑک کی تعمیر کا کام شروع کیا جائے گا جس سے لاکھوں افراد کو آسانی میسر آئے گی۔

جاری کردہ:۔

عقیل اختر

پبلک ریلیشن آفیسر

نیو کراچی ٹاؤن